# کیا آپ اپنے خاندان کو کینیڈا بلانے کے لئے ان کی کفالت کرنا چاہتے ہیں؟ (Sponsorship)

یہ ممکن ہے کہ آپ کینیڈا سےباہر مقیم اپنےخاندان کے افراد کو یہاں آنے اور مستقل طور پر سکونت پذیر ہونے کے لئے اِن کے کفیل (sponsor) بننے کے اہل ہوں اگر آپ:

- کینیڈا کے شہری ہیں
- مستقل سکونت پزیر ہیں یا
- انڈین ایکٹ کے تحت رجسٹر شدہ۔

یہ ضروری ہے کہ آپ کی عمر 18 سال ہو یا اس سے زیادہ ہو۔

درخواست دینے کے لیے ایک فیس درکار ہے۔ اور کچھ "آمدنی سے متعلق رہنما اصول" ہیں جو بتاتے ہیں کہ ایک کفیل کے لیے کتنا کمانا ضروری ہے۔ لیکن، زیادہ تر معاملات میں، رہنما اصول کا اطلاق نہیں ہوتا اگر آپ شریک حیات، ساتھی یا بچے کی کفالت کر رہے ہوں۔

آپ کو دیگر شرائط پورا کرنا اور ایسی تمام معلومات فراہم کرنا ضروری ہے، جو کفالت کے درخواست کے لئے مطلوب ہے۔ کچھ آباد کاری والی ایجنسیاں اور لیگل کلینکس اس سلسلے میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔

اگر آپ درخواست دینے میں کوئی غلطی کرتے ہیں، تو اس کی درستگی مشکل ہو سکتی ہے۔

## میں کس کی کفالت کرسکتا ہوں؟

آپ اپنے شریک حیات کی کفالت کر سکتے ہیں۔ یہ ایسا فرد ہوتا ہے جس سے آپ کی شادی ہوئی ہو۔ آپ کا شریک حیات ہم جنس بھی ہو سکتا ہے اور مخالف جنس بھی۔

آپ اپنے غیر شادی شدہ ساتھی کو بہت سی صورتوں میں اسپانسر کر سکتے ہیں۔ آپ کا ساتھی آپ کا ہم جنس ہو سکتا ہے یا پھر جنس مخالف کا حامل ہو سکتا ہے۔ یہ وہ فرد ہو گا جس کے ساتھ آپ کم از کم ایک برس تک رہ چکے ہوں اور جس کے ساتھ آپ کا "شادی کی مانند تعلق'' ہو۔ اپنے تعلق کو شادی جیسا ثابت کرنے کے مختلف طریقے ہیں۔ مثال کے طور پر، آپ دونوں کا ایک بچہ ہو سکتا ہے یا پھر مشترکہ بینک اکاؤنٹ یا اثاثہ جات ہو سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لے قانونی مشورہ کریں۔

آپ اپنے والدین یا دادا/دادی/نانا/نانی کو بھی اسپانسر کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں۔ آپ کو سب سے پہلے وہ فارم مکمل کرنے کے بعد حکومت کو ارسال کرنے کی ضرورت ہو گی جو کہ "اسپانسر کرنے میں دلچسپی کا فارم" کہلاتا ہے۔ پھر حکومت فارم ارسال کرنے والے تمام افراد میں سے محدود افراد کو درخواست دینے کے لیے مدعو کرتی ہے۔

اگر آپ اپنے والدین یا دادا/دادی/نانا/نانی کو اسپانسر کرنے کے قابل نہیں ہو پاتے ہیں، تو وہ بطور سیاح کینیڈا آنے کے لیے سپر ویزے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ سپر ویزا 10 برس تک کے لیے موثر رہتا ہے۔ یہ والدین اور دادا/دادی/نانا/نانی کو ہر بار آمد پر **5 برس** تک قیام کی اجازت دیتا ہے۔ یہ انہیں مستقل رہائشی بننے کی اجازت نہیں دیتا۔

آپ اپنے 22 سال سے کم عمر بچوں کی کفالت کر سکتے ہیں اگر وہ شادی شدہ نہیں ہیں یا اپنے پارٹنر کے ساتھ نہ رہتے ہوں اگر ان کی عمر 22 سال سے زیادہ ہے تب بھی آپ ان کی کفالت کر سکتے ہیں، اگر کسی جسمانی یا ذہنی حالت کی وجہ سے وہ مالیاتی طور پر اپنے آپ کو سمبھالنے کے قابل نہیں ہیں۔ لیکن آپ صرف اس صورت میں ایسا کر سکتے ہیں، جب کہ آپ نے اگر انہیں 22 سال کی عمر سے پہلے سہارا دیا ہو۔

اگر آپ کا بچہ ان شرائط کی تکمیل نہیں کرتا، یا آپ کسی دیگر فرد یا کسی ایسے شخص کی کفالت کرنا چاہتے ہیں جو پہلے سے ہی کینیڈا میں رہ رہا ہو تو قانونی مشورہ حاصل کریں۔ ایسی صورت میں بھی قانونی مشورہ حاصل کریں اگر آپ اتنی زیادہ رقم نہیں کماتے جتنی رہنمااصولوں کے مطابق کمانا چاہیے۔

**آپ کے مستقل رہائشی بننے کے موقع پر اگر آپ کا کوئی شریک حیات، ساتھی یا بچہ ہے، تو انہیں اپنی درخواست فارم میں شامل کرنے کے ذریعے، آپ کو امیگریشن حکام کو ان کے بارے میں بتانا ہو گا۔ اگر آپ ایسا نہیں کرتے، تو ماسوائے اس کہ آپ قواعد سے کسی استثنٰی کے اہل ہوں، آپ بعد میں انہیں اسپانسر کرنے کے قابل نہیں ہو سکتے۔ کینیڈا میں خود آپ کی اپنی مستقل حیثیت کے بارے میں بھی سوالات اور مسائل اٹھ سکتے ہیں۔ اس ضمن میں مکمل قانونی مشورہ ضرور کیجئے۔**

مزید صفحہ نمبر دو پر

## میرے زیر کفالت افراد کے کینیڈا پہنچنے کے بعد کیا ہوگا؟

ان لوگوں کے کینیڈا پہنچنے کے چند سال بعد تک آپ پر **لازم ہوگا کہ آپ ان** کی خوراک، لباس، رہنے کی جگہ فراہم کرنے میں مدد کرتے رہیں، یا انہیں اس ضمن میں مناسب رقم فراہم کرتے رہیں۔ یہ اسپانسر شپ کا عہد نامہ کہلاتا ہے۔

بطور کفیل آپ پر لازم ہے کہ آپ اپنے والدین اور دادا، دادی، نانا، نانی کی 20 سال تک کفالت کریں۔ اپنے شریک حیات اور ساتھی کو 3 سال۔ بچوں کو ان کی عمر کے انحصار 3 سے 10 سال۔کینیڈا کے عائلی قانون کے تحت، اسپانسر شپ کے خاتمے کے بعد، بھی آپ اپنے ساتھی یا بچے کی مالی اعانت کے لیے ذمہ دار ہو سکتے ہیں۔

## اگر میں اپنے زیر کفالت افراد کی مدد نہ کروں تو کیا ہوگا؟

اس صورت میں آپ کے زیر کفیل افراد آنٹیریو ورکس (Ontario Works) یا آنٹیریو ڈس ایبیلٹی بینیفٹس (Ontario disability benefits) کو مدد / وظیفہ کی درخواست دے سکتے ہیں۔ اگر یہ افراد ان اداروں سے اِس مدت میں مدد اور رقومات حاصل کرتے رہے کہ جس میں آپ ان کی کفالت کے ذمہ دار تھے تو حکومت آپ سے ایسے تمام اخراجات وصول کرسکتی ہے۔ اور آپ مستقبل میں اس وقت تک کسی دوسرے فرد کو اسپانسر کرنے کے قابل نہیں ہو سکتے جب تک کہ آپ رقم واپس نہ لوٹا دیں۔

## اگر کفالت کی درخواست ردّ ہوگئی تو کیا ہوگا؟

درخواست مسترد ہونے کا فیصلہ آپ کو تحریری طور پر بھیجا جائے گا۔ اِس کے وصول ہوتے ہی فوری طور پر قانونی مشورہ حاصل کیجئے۔ ممکن ہے کہ آپ کو امیگریشن اینڈ ریفیوجی بورڈ (Immigration and Refugee Board) کے سامنے اپیل کا حق حاصل ہو۔ تحریری فیصلہ ملنے کی تاریخ سے تیس دِن (30 days) میں آپ اپیل داخل کر سکتے ہیں۔

**آپ کے اہل خانہ کے کینیڈا کی امیگریشن حاصل کرنے کے دیگر طریقے بھی ہو سکتے ہیں۔ ان صفحات پر ہم عمومی نوعیت کی معلومات فراہم کرتے ہیں۔ آپ کو اپنی صورتحال کے بارے میں قانونی مشورہ لینا چاہیئے۔**

**یہ ایک اصل انگریزی عبارت کا اردو ترجمہ ہے۔ کسی شبہ کی صورت میں براہ کرم انگریزی مآخذ سے رجوع کریں۔**

## مدد کیسے حاصل کی جائے:

**211 آنٹیریو (211 Ontario)** ایک معلوماتی اور حوالہ فراہم کرنے والی ہاٹ لائن ہے جو بہت سی زبانوں میں مدد فراہم کرتی ہے۔ وہ روزانہ 24 گھنٹے، ہفتے کے 7 دن فون کال موصول کرتے ہیں۔

وہ آپ کو بتاسکتے ہیں کہ:

- قانونی امداد کہاں سے حاصل کریں، اور
- دیگر اقسام کی مدد کیلئے سیٹلمنٹ ایجنسی یا کمیونٹی ایجنسی سے کیسے رابطہ کریں

211 آنٹیریو سے رابطہ کرنےکیلئے:

☎ فون........................................................... **211**

☎ ٹی ٹی وائی............................. **1-888-340-1001**

💻 **211Ontario.ca**

آپ مقامی لائبریری یا کمیونٹی لیگل کلینک سے رابطہ کرنے کی کوشش بھی کرسکتے ہیں۔

اپنے علاقے میں خدمات فراہم کرنے والے قانونی کلینک کی تلاش کے لیے، آپ درج ذیل پر اونٹاریو کی قانونی معاونت (Legal Aid Ontario، LAO) سے رابطہ کر سکتے ہیں:

☎ ٹول فری................................**1-800-668-8258**

☎ بیل ریلے.................................**1-800-855-0511**

💻 **legalaid.on.ca**

یہ مشورے آپ کی مدد کیلئے کمیونٹی لیگل ایجو کیشن اونٹاریو (Community Legal Education Ontario/Éducation juridique communautaire Ontario) CLEOکے چھ زبانوں کے ایڈوائزری گروپ ، جس کی رک 10 ایجنسیاں تھیں، نے ترتیب دئیے ہیں۔ معالی معاونت اونٹاریو ٹریلیم فاؤنڈیشن (Ontario Trillium Foundation) اور لیگل ایڈ اونٹاریو (Legal Aid Ontario) نے فراہم کی ہے۔ مزید معلومات ڈاؤن لوڈ کرنے کیلئے برائے مہربانی **cleo.on.ca** پر جائیں۔ **CLEO** کی **Steps to Justice** ویب سائٹ پر عام قانونی مسائل سے متعلق مرحلہ وار معلومات موجود ہیں۔ **stepstojustice.ca** ملاحظہ کریں۔